**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2025**

**Islamiyat Paper II**

**Time: 1 hour 5 minutes    Marks: 20**

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔** <br> **امیدوار کے دستخط** |

**خصوصی ہدایت**

2۔ اس پرچے میں کُل **چار** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 4 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 5 نمبر)

(الف) اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ۔ (الحج: 39)

دی گئی آیت کی روشنی میں درج ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

i۔ آیت کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟ (1 نمبر)

ii۔ اجتماعی طور پر آیت کا عصر حاضر میں کس طرح اطلاق ہو سکتا ہے؟ (1 نمبر)

(ب) مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا۔۔۔ (المائدہ:32)

دی گئی آیت کے پیشِ نظر، عصر حاضر میں جرائم کی روک تھام کے لیے کوئی تین عملی اطلاقات لکھیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

سوال-2 (کل 4 نمبر)

(الف) ترجمہ: ''جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے حج کیا اور پھر نہ اس نے بد کلامی اور گالی گلوچ کی، نہ ہی کوئی گناہ کیا، تو وہ حج سے اس دن کی طرح واپس ہو گا جس دن اس کی ماں نے اُسے جنا ہو''۔ (حدیث:16)

دی گئی حدیث (ترجمے) کے مطابق، بندۂ مومن کو کیوں کہا گیا ہے کہ ''حج سے اس دن کی طرح واپس ہو گا جس دن اس کی ماں نے اُسے جنا ہو''؟ **دو نِکات** میں بیان کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب) ترجمہ: ''بد گمانی سے بچو، کیوں کہ بد گمانی سب سے بڑا جھوٹ ہے۔'' (حدیث: 25)

دی گئی حدیث (ترجمے) کی روشنی میں بد گمانی سے بچنے کے لیے کوئی دو طریقے لکھیے۔ (2 نمبر)

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

سوال۔3 (کل 5 نمبر)

(الف) غزوۂ اُحد کے کوئی **تین** نتائج بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

---

---

---

---

---

---

(ب) حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کی رو سے معاشرے میں بزرگوں سے کس طرح کا برتاؤ کرنا چاہیے؟ کوئی **دو** تجاویز دیجیے۔ (2 نمبر)

---

---

---

---

AKU-EB Annual Examinations 2025 for Teaching & Learning only

سوال۔4 (کل 6 نمبر)

(الف) خاندان معاشرے کا سب سے اہم اور بنیادی عنصر ہے۔

دیے گئے بیان کے ضمن میں اسلام میں خاندان کے تصور کو **تین** نِکات میں واضح کیجیے۔

**یا**

(ب) معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے حیائی کو روکنے کے لیے بہ طورِ طالب علم آپ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟ کوئی **چھے** طریقے تجویز کیجیے۔

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examinations 2025
for Teaching & Learning only